تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی
10-اپریل2020ء

# پریس ریلیز

## روحانی مراکز مساجد کی طویل بندش دینی اور دنیوی لحاظ سے تباہ کن ثابت ہوگی حافظ عاکف سعید

لاہور(پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی ۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں مسلمانوں کو یہ ترغیب تو دی جاسکتی ہے کہ وہ نماز گھر پر ادا کریں لیکن اس سلسلہ کو اتنی طوالت نہیں دی جا سکتی۔ پاکستان میں مساجد تقریباً 15 روز سے عام لوگوں پر بند ہیں ۔حکومت کو چاہیے کہ 14 اپریل سے جب دوسری صنعتوں وتجارتی حلقوں میں لاک ڈاؤن کے حوالے سے نرمی کرے تو اس میں اولین ترجیح مساجد کو دی جائے ۔ حکومت کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ مسجد اور مسلم کے تعلق کو زیادہ عرصہ تک منقطع رکھنا دینی لحاظ سے تو مہلک ہے ہی لیکن دنیوی لحاظ سے بھی تباہ کن نتائج کا موجب ہوگا۔ مسلمانوں کا پانچ وقت مساجد میں اکٹھا ہونا ان کے بہت سے معاشی اور معاشرتی مسائل کو حل کرتا ہے۔ آخری اور حتمی بات یہ ہے کہ مسجد اللہ کا گھر ہے۔ہمیں بحیثیت سائل اللہ کے گھر پر دستک دینی ہوگی۔ وہاں گڑگڑا کر دعا مانگیں، اپنے گناہوں کی معافی طلب کریں اور اس کے حضور سجدہ ریز ہوکر اسے راضی کرنے کی کوشش کریں۔ ابتلاء، مصیبت اور وباء یہ سب اللہ کی ناراضی کی علامتیں اور ہمارے لیے امتحان کا ذریعہ ہیں۔ اللہ راضی ہوگا تو مسلمان کے لیے ہر طرف اور ہر لحاظ سے خیر برآمد ہوگی۔ ان شاءاللہ۔

انہوں نے کہا کہ ملک میں لاگو لاک ڈاؤن کو بھی اب ختم ہونا چاہیے۔ اس لیے کہ غریب اور متوسط طبقہ بری طرح پس رہا ہے۔ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے اور مسلمانوں کو اس کی باقاعدہ تیاری کے لیے موقع دیا جانا چاہیے اور یہ لاک ڈاؤن ختم ہونے کی صورت میں ہی ممکن ہے۔

انہوں نے کہا کہ کرونا وباء کی آڑ میں بھارتی حکومت مقبوضہ کشمیر میں جو ڈیموگرافک تبدیلی کی کوشش کر رہی ہے یہ انتہائی شرمناک ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مودی سرکار کے یہ اقدامات نہ صرف اخلاقیات سے عاری ہیں بلکہ بنیادی انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزی پر مشتمل ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اگر دنیا بھارت کو اس ریاستی دہشت گردی سے نہیں روکے گی تو آنے والے وقت میں دنیا میں ایسے سانحات پیش آئیں گے جس کی دنیا متحمل نہیں ہوسکے گی ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت کو روکنے کی بھرپور اور زوردار کوشش کرے وگرنہ ایک بار پھر خطے کا امن تباہ ہوسکتا ہے۔ آخر میں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ دنیا بھر کے انسانوں کو اس مہلک اور جان لیوا وباء سے نجات دے۔ آمین یارب العالمین!

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 10 April 2020**

## "Prolonged closure of the Centers of Spirituality, i.e., Mosques would be disastrous from religious as well as worldly perspective"

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "Prolonged closure of the Centers of Spirituality, i.e., Mosques would be disastrous from religious as well as worldly perspective."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. He noted that in emergency situations, Muslims can be urged and advised to offer obligatory prayers at home, however, it cannot be prolonged for an extended period of time. The mosques in Pakistan have had been closed for the masses for almost 15 days. It is imperative that when the government eases the lockdown for various industrial and trading concerns, from the 14th of April, the utmost priority be given to the opening of the mosques. The government must not forget that severing the relationship between the Muslim and the Mosque is not only detrimental from a religious point of view, but will also lead to terrible consequences from a worldly perspective. The gathering for obligatory congregational prayers of Muslims in mosques five times a day results in the solution to many of their economic and social problems. To top it all, he said, the fact of the matter is that the mosque is 'The House of Allah *(SWT)*'. We ought to knock at the door of 'The House of Allah *(SWT)*' to plead for His *(SWT)* mercy. We need to entreat with utmost humbleness for His *(SWT)* succor, seek forgiveness for our sins and prostrate before Him *(SWT)* in order to be eligible for His *(SWT)* pleasure. Trials, tribulations and pandemics are signs of the wrath of Allah *(SWT)* as well as a Divine way of testing our faith. Provided that Allah *(SWT)* is pleased with us, Muslims would be blessed with benefit of all sorts, from all directions. *InshaAllah!*

The Ameer asserted that the lockdown enforced in the country, too, ought to be lifted now, because the poor and the middle classes are being crushed acutely because of it. The Holy month of Ramadan is nigh and the Muslims must be given the opportunity to fully prepare for it, which would only be possible when the lockdown ends.

The Ameer expressed deep anguish and concern on the demographic changes being administered by the Indian government in Occupied Kashmir, in guise of the coronavirus pandemic, calling it a reprehensible act. He remarked that these steps being taken by the Modi regime are not only unethical and immoral in every sense, but also blatantly in violation to the very definition of basic human rights. He said that if the world did not act today to stop India from this state-sponsored terrorism, then devastations of such magnitude would be witnessed in the future that the world would not be able to cope with or endure them. He said that Pakistan ought to make every possible effort with full force to stop India from committing such atrocities, otherwise the peace of our region could be devastated once again.

The Ameer concluded by supplicating that may Allah *(SWT)* provide deliverance to the entire human race from the deadly pandemic that has engulfed the world.

***Aameen, O Lord of the Worlds (SWT)!***

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**